علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگرآپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یاآپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے توآپ سرٹیفیکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: اردو لازمی (بک ون) 363　　　　سمسٹر: بہار، 2026

سطح: انٹر میڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال1: ''غلامی ایک لعنت" محض ایک جذباتی کیفیت نہیں بلکہ انسانی صورتِ حال کی عکاسی بھی ہے۔ مضمون کے اہم نکات کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال2: خدیجہ مستور کے ناول ''آنگن'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال3: تعلیمِ بالغاں'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ نیز اس ڈرامے کے اہم کرداروں سے متعارف کرائیں۔ (20)

سوال4: اگر آپ کو اپنے شہر پر ایک سفر نامہ لکھنا ہو، تو آپ کن پانچ منفرد انسانی پہلوؤں کو اجاگر کریں گے جو ابنِ انشا کے سفر نامے ''اک ذرا تہران تک'' میں موجود ہیں؟ (20)

سوال5: غالب کے خطوط کو "مراسلے کو مکالمہ بنادینا" کیوں کہا جاتا ہے؟ ان کے خطوط کی ادبی خصوصیات واضح کریں۔

(20 = 4 × 5)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال1: میاں محمد بخش کے کلام کی روشنی میں واضح کریں کہ وہ کس طرح "عشقِ مجازی" کے پیرائے میں "عشقِ حقیقی" اور "تزکیہ نفس" کا درس دیتے ہیں؟ (20)

سوال2: کیا پاکستانی ادب صرف ہجرت کے دکھوں کا نام ہے یا یہ نئے وطن کی تعمیر کا عزم بھی ہے؟ مختلف اصنافِ ادب کے حوالے سے گفتگو کریں۔ (20)

سوال3: نصاب میں شامل میر تقی میر کی "درد و غم" سے بھرپور غزل اور غالب کی "فلسفیانہ اور شوخ" غزل کا موازنہ کریں۔ (20)

سوال4: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں: (20 = 2 × 10)

۱۔ کھڑاڈنر (سید محمد جعفری) ۲۔ حضرت فاطمہ الزہراؓ کا جہیز (حفیظ جالندھری)

سوال5: درج ذیل سوالات کے مختصر مگر با معنی جواب تحریر کریں: (20 = 2 × 10)

1- تشبیہ اور استعارہ" شاعری کے زیور ہیں یا ابلاغ کی ضرورت؟ مثالوں سے ثابت کریں کہ ان کے بغیر شاعری بے جان کیوں لگتی ہے۔

2- مکالمہ کیسے لکھا جائے؟ دو افراد کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔